نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یوایس ایڈ کی جانب سے 45 ہزار ڈالر مالیت کے کمپیوٹرز کا عطیہ

اسلام آباد (14 اپریل 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) نے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو اور بحالی کے ادارہ (ERRA) کو 45 ہزار ڈالر مالیت کے کمپیوٹر اور دیگر دفتری ساز و سامان عطیہ کیا ہے۔ اس ساز و سامان سے ERRA میں نئے بھرتی شدہ عملہ کی کمپیوٹر کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی جو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو کے پروگراموں کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل درآمد کے لئے مصروف عمل ہیں۔

زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو اور بحالی کے ادارہ کی افرادی قوت، ملازمین میں حالیہ اضافہ کے بعد 86 تک پہنچ گئی ہے جبکہ مزید 100 ملازمین کو بھرتی کرنے کا منصوبہ بھی ہے۔ عطیہ کئے گئے ساز و سامان میں پندرہ آئی بی ایم کمپیوٹر بمعہ مانیٹرز، پرنٹرز، فیکس مشینیں، ایک اسکینر اور ایک ڈیجیٹل فوٹو کاپیئر شامل ہیں۔

پاکستان میں یوایس ایڈ کے مشن ڈائریکٹر جوناتھن ایڈلٹن نے کہا ہے کہ فیڈرل ریلیف کمیشن نے بحسن وخوبی امدادی کارروائیوں کی قیادت کی اور اب ERRA کو جسے فیڈرل ریلیف کمیشن میں ضم کر دیا گیا ہے بحالی اور تعمیر نو کے منصوبہ پر عملدرآمد کرنے کی مہارت بھی حاصل ہوگئی ہے۔ کمپیوٹر کے عطیہ سے ان کا کام آسان ہوگیا ہے۔

کرنل ارشد محبوب نے ERRA کی جانب سے اس عطیہ کو وصول کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس وقت، ERRA کو اپنے تمام نئے ملازمین کے لئے کمپیوٹر اور دیگر دفتری سامان کی اشد ضرورت محسوس ہو رہی تھی۔ یہ کمپیوٹر اس فوری ضرورت کو پورا کرنے میں مدد دیں گے۔

یوایس ایڈ کی جانب سے عطیہ کردہ آلات برطانوی محکمہ بین الاقوامی ترقی DFID کے تعاون سے ERRA کی وضع کردہ تعمیر نو کی سرگرمیوں کو مربوط بنانے کے لئے ایک جامع انتظامی منصوبہ کا حصہ ہیں۔ اس منصوبہ میں اعداد و شمار کو منظم کرنے کی ایک اسکیم بھی شامل ہے جس میں اسلام آباد میں واقع ERRA کے مرکزی دفتر کو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں صوبائی اور بلدیاتی حکومتوں میں ذیلی دفاتر کے ساتھ ڈیجیٹل رابطوں کے ذریعہ منسلک کیا جائے گا۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
رمنا-5، اسلام آباد
فون: 2080000
E-mail: infoisb@state.gov

لاہور
50 ایمپریس روڈ
فون: 6034000
E-mail: irclahore@state.gov

کراچی
کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ
فون: 5204200
E-mail: irckhi@state.gov

پشاور
11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ
فون: 5285901-3, 5279801-3